بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ کوئی صاحب بغیر اجازت
نہ چھاپیں

وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا
پ ۳ البقرہ

بیاض مشہدی

از سید محمد شریف شاہ صاحب مرحوم گھڑیالوی

مولفہ
ابو سعید حکیم سید عبد الرحمٰن شاہ بن سید محمد شریف شاہ صاحب گھڑیالوی
حال مقیم [illegible] کلاں تحصیل قصور ضلع لاہور [illegible]

موڑد پنراں (برگ حب آلاس	تولہ
مردہ سنگ	۳ ماشہ
سنڈھور	۳ ماشہ
طباشیر نقرہ اصلی	۶ ماشہ
ست گلو	۳ ماشہ
تخم الائچی خورد	۳ ماشہ
مازوسبز	۳ ماشہ
پھٹکڑی سفید خام	۳ ماشہ
تسپال	۳ ماشہ

سب کو باریک کرکے خوراک ۴ رتی ہمراہ عرق سونف دن میں تین بار دیا کریں۔

۳۔ سفوف سیلان الرحم کے لئے موچرس۔ سپاریاں سفید۔ طباشیر نقرہ اصلی۔ مازو سبز۔ مائیں خورد۔ کچور۔ کمرکس۔ چاول۔ ساٹھی۔ سنگھاڑہ۔ داؤ ڈنگ۔ گل دھاوا۔ دودھ میٹھا فی۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ کشتہ صدف ۶ ماشہ۔ کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ۔

ترکیب:۔ سب کو باریک کرکے خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دودھ دن میں دو بار دیا کریں۔

۵۔ سفوف اٹھرا کے لئے

صندل سفید۔ صندل سرخ۔ برگ نیم۔ برگ حنا۔ برگ ملٹھی۔
کچور۔ ہڑمچی۔ گیرو۔ برابر وزن تولہ تولہ۔

ترکیب:۔ سب کو باریک کر کے

خوراک:۔ ۲-۲ رتی ہمراہ پانی عورت کو شروع حمل سے لے کر دیویں
اسقاط حمل سے محفوظ رہے گی اور انشاءُ اللہ اولاد بھی نرینہ
ہو گی۔ مصفی خون بھی ہے۔

سفوف

۶۔ دوائے مستورات

جریان۔ سیلان الرحم۔ بائی گولا۔ خفقان۔ کثرت بول۔ خون کی زیادتی۔

طباشیر نقرہ
۲ تولہ
الائچی کلاں
تولہ
دم الاخوین
۲ تولہ

۹۔ سفوف

نمک سولی ہیضہ کے لئے اکسیر ہے۔

نمک سیاہ

۱۰ تولہ

تیزاب گندھک اصلی ۹ ماشہ پیالی میں باریک کرکے ڈال کر اوپر تیزاب گرا دیں۔ چار یا پانچ یوم کے بعد باریک کر لے۔

خوراک ۱۔ ۱ رتی ہمراہ عرق سونف ہر ۱۵ منٹ کے بعد دیں۔ انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔

۱۰۔ مشہدی چورن خرابی ہاضمہ درد معدہ

بادیاں۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ سہاگہ بریاں۔ سفید زیرہ۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی۔ پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ نوشادر۔ قلمی شورہ ہر ایک ۲ تولہ ست لیموں ۳ ماشہ۔ ست اجوائن ۱ ماشہ۔ ست پودینہ ۱ ماشہ سب کو کوٹ کر

خوراک ۱۔ ۳ ماشہ ہمراہ پانی۔

سفوف حنظل

۱۱- پیٹ میں ہوا بھرتی ہو اور پیٹ بڑھ جائے تو یہ دوا دیں۔

چھار نمک

۴ تولہ

چھار اجوائن

۴ تولہ

نوشادر ٹھیکری۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔
نگھاں۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ ہلیلہ۔ آملہ۔ ہر ایک تولہ تولہ۔
ست لیموں ماشہ۔ چھوہڑہ تاں خشک ۲ تولہ

ترکیب:- سب کو ایک کر کے۔

خوراک:- ۲ ماشہ ہمراہ پانی دن میں دو بار دیں۔ غذا کے بعد چہار یوم ہوا بہت خارج ہو گی۔

مجربات سید عبدالرحمن شاہ

۱۲- بچوں کی قبض اور نمونیا کے لئے۔

نوشادر ٹھیکری

تولہ

سوڈا بائیکارب

تولہ

ریوند عصارہ

۴ ماشہ

گل سرخ

۳ ماشہ

ترکیب:- تیاری سب ادویہ کو باریک کرکے خوراک ۴ رتی ہمراہ عرق گلاب۔

۱۴۔ تپ ہر قسم:-

جدری و صفراوی کے لئے مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال سفید

۳ تولہ

سوڈا بائیکارب

تولہ

پھٹکڑی

۶ ماشہ

سکڑو

تولہ

سب کو باریک کرکے

خوراک :۔

۱ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ وغیرہ

سفوف مشہدی سرد

۱۳۔ کمزوری دل ودماغ کے لئے

طباشیر نقرہ
۲ تولہ

الائچی سبز
تولہ

صندل سفید
تولہ

گل نیلوفر
تولہ

کشنیز
تولہ

کہربا شمعی
۶ ماشہ

ناریل دریائی
تولہ

کشتہ شاخ مرجان

تولہ

کشتہ عقیق

تولہ

کشتہ سنگ یشب

۶ ماشہ

کشتہ صدف اصلی

تولہ

زہر مہرہ خطائی

تولہ

بالچھڑ

۶ ماشہ

ورق نقرہ

½ دفتری

روح کیوڑہ

½ شیشی

ترکیب: ہر سب کو کوٹ کر روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں
خوراک: دو رتی تا ماشہ ہمراہ صندل شربت ... فوائد: خفقان، تپ محرقہ، حرارتی
قے و اسہال وغیرہ۔

فرمودہ شاہ صاحب مرحوم

۱۵۔ سفوف درد پیٹ و قولنج۔ درد گمین قبض کے لئے مفید ہے
سبز تماں چہار عدد کلاں ہوں۔

چھارا جوائین	۵ تولہ
چہار نمک	۵ تولہ
ہیلہ زرد	۲ تولہ
بلیلہ	۲ تولہ
آملہ	۲ تولہ
سونٹھ	۲ تولہ
مگھاں	۲ تولہ
مرچ سیاہ	۲ تولہ
تروی سفید	۲ تولہ
نوشادر	۲ تولہ
سناکی ڈنڈی صاف کریں۔	تولہ
اناردانہ	۲ تولہ
پودینہ دیسی	۲ تولہ

ترکیب تیاری:- سب ادویہ کوٹ کر تھوڑی کو چیز لمٹی کے برتن میں ڈال کر رکھ چھوڑیں جب خشک ہو جائے تو باریک کریں۔

خوراک ۱ سے ۳ ماشہ ہمراہ پانی وغیرہ۔

فرمودہ ہمارے ماموں سید غلام محمد دہلوی

۱۶۔ سرمہ مفید واسطے موتیا سفید نہ اترے۔

سرمہ سیاہ	۵ تولہ
سرمہ سفید	۱ تولہ
سرد چینی	۱ ماشہ
صدف اصلی	۳ ماشہ
سمندر جھاگ	۳ ماشہ
تخم لیمو	۳ ماشہ
ورق نقرہ	۴ عدد

دوا کو عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کر لیں اور شیشی میں محفوظ کر لیں۔ آنکھوں میں رات کو تین تین سلائی ڈالو۔

۱۷۔ تپ ملیریا و ہر قسم

پھٹکڑی سفید	۵ تولہ
سہاگہ سفید	۵ تولہ

نوشادر ۵ تولہ
قلمی شورہ ۵ تولہ
کوزہ میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر پاتھیوں کی آگ دیں۔ بعدہ
باریک کرکے خوراک ۱/۲ ۱ ماشہ ہمراہ چائے وغیرہ۔

ہمارے مجربات

۱۸۔ تحفہ نایاب بخار ہر قسم و ملیریا کے لئے مفید ہے۔
نوشادر، قلمی شورہ برابر وزن تھوڑا سا رنگ زردہ ملا کر رکھ لیں۔
پانی ۲۰ تولہ میں دوائی ۱ تولہ حل کرکے خوراک ۵ تولہ دن میں چار
بار دیویں اور ساتھ یہ سفوف دیں۔

سفوف یہ ہے

۱۹۔ ریوند چینی ۱/۲ تولہ۔ مرچ سیاہ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ
باریک کرکے
خوراک ۱۔ ۱/۲ ماشہ شربت بنفشہ سے دی جا سکتی ہیں۔

۲۰۔ سفوف سپید بہ ضعف جگر کیلئے مفید ہے

نوشادر ۱ تولہ، قلمی شورہ ۵ تولہ، ریوند خطائی ۲½ تولہ
کشتہ فولاد اصلی ۳ تولہ

ترکیب: سب کو باریک کر لے۔
خوراک: ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری معتدل پانی ڈال کر

سٹیل شربت

اجزاء: شربت فولاد۔ پوست بلیلہ ۵ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ، آملہ ۵ تولہ، برگ مہندی ۳ تولہ، کشنیز خشک ۳ تولہ، صندل سرخ ۳ تولہ، صندل سفید ۲ تولہ، عناب ۳ تولہ، بنگ جامن سبز ۱½ سیر پختہ، ٹماٹر، بیج چولائی ۵ تولہ، پانی ۵ سیر پختہ میں بھگو کر رکھ چھوڑیں۔ ۸ دن اور رات رکھیں بعدہ اور پانی ڈال کر عرق کشید کریں۔ اس عرق میں چینی ۵ سیر پختہ ملا کر قوام کر لیں۔ پھر رنگ دس ماشہ ملا کر فیری ایسٹ امونیا سائٹریٹ اس میں ڈالیں۔

خوراک: ۵ تولہ پانی میں ڈال کر دیں۔ منافع ضعف جگر، کمزوری دل۔

۲۲۔ شربت مرکب تپ و کھانسی کے لئے

بنفشہ۔ ملیٹھی۔ زوفہ۔ گلسرخ۔ سونف۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی
جُھو سولف۔ صندل سفید۔ عناب۔ لسوڑیاں۔ بہمن
سفید۔ خطمی۔ خبازی۔ بیخ۔ بہدانہ۔ کنگھی گھاس۔ برگ بانسہ (۲) تولہ
پرشیاؤشاں۔ تخم کشنیز۔ غافث۔ گاؤزبان۔ بالچھڑ۔ تخم کشوث در پوٹلی۔ ہر ایک تولہ تولہ۔
کھانڈ سفید ۱ سیر ۸ چھٹانک۔ دونوں کو چار سیر پانی میں بھگو کر صبح کو
جوش دیں۔ پھر چھان کر کھانڈ ڈال کر شربت تیار کر لیں۔
خوراک: ۵ تولہ پانی یا دودھ ملا کر ساتھ کوئی سفوف ملا شیرہ وغیرہ
دیویں۔ خوراک ۱ ماشہ

۲۳۔ شربت حدیدی ضعف جگر کے لئے

تربوز کلاں ۔ ۱ عدد۔ مجیٹھ ۵ تولہ۔ لوہ چون فولاد ۵ تولہ۔
کھانڈ سفید ۱ سیر۔ تربوز میں سے گودا نکال کر ادویہ رکھ چھوڑ دیں۔
ڈھکن چھلکے کا اوپر رکھیں بعد ۷ دن مل کر چھان لیں اور قوام شربت
تیار کر لیں
خوراک: ۳ تولہ بعد از غذا دو وقت اور ساتھ معجون
خبث الحدید ۵ تولہ

خوراک ۱ سے ۳ ماشہ دہی کے ساتھ صبح کو۔

۲۴۔ حب فرمودہ والد صاحب مرحوم

اٹھرا کے لئے۔ ریوند عصارہ ۶۰ ماشہ۔ ریوند چینی ۶۰ ماشہ۔ زعفران اصلی ۳ ماشہ۔ جدوار (نربسی) ۳ ماشہ۔ سہاگہ سفید بریاں ۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۱½ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو باریک کرکے مرچ سیاہ کے برابر حب بنا لیں۔

خوراک ۱ سے ۱ حب دو دھ میں گھس کر دیتے رہیں۔ شروع حمل سے لے کر دودھ چھوڑنے تک بچے کی والدہ کو بھی دیتے رہیں۔ بچہ کو بھی چوتھے روز دیویں۔

۲۵۔ دیگر اٹھرا کے لئے حب کرنجوہ

چاکسو ۵ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۵ تولہ۔ کچلا ۱ تولہ۔ رسونت اصلی تولہ۔ پھٹکری سفید خام ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ کر شہد میں حب نخودی بنا لیں۔

خوراک ۱۔۱ حب شروع حمل سے لے کر دودھ چھوڑنے تک

پانی سے کھلا دیں۔

۲۶۔ حمل سے پہلے اٹھرا کے لئے عرق پلاؤ

عرق یہ ہے۔ دس تولہ دن میں دو بار دیں۔ عشبہ ۵ تولہ، چرائتہ ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، صندل سرخ ۵ تولہ
افسنتین ۵ تولہ، منڈی بوٹی ۲ تولہ، دھماں بوٹی ۱ تولہ
برگ نیم تازہ آدھ سیر نخستہ۔
ان سب کا آٹھ بوتل عرق نکال لیں۔ جب حمل ہو جائے
تو عرق نہ پلائیں۔

فرمودہ والد صاحب مرحوم

۲۷۔ حب اٹھرا کے لئے

جب حمل ہو جائے تو یہ ایک حب ہمراہ دودھ دیا کریں۔
زعفران کشمیری ۲ ماشہ، کستوری ۴ رتی، جدوار خطائی
۲ ماشہ، عود صلیب ۳ ماشہ، عقرقرحا ۲ ماشہ،
بھنگ اصلی ۱ ماشہ، عنبر ۲ ماشہ، شہد میں حب نخود برابر

بنا لیں۔
خوراک:۱ حب ہمراہ پانی شروع حمل سے لے کر یعنی دو ماہ کے بعد دودھ چھوڑنے تک جب بچہ پیدا ہو تو ناڑو صاف کرکے مرواریدہ ۵ عدد ناڑو میں ڈالو

۲۸۔ حب مشہدی عرق النساء

درد رینگن کے لئے مفید ہے۔
مصطبر۔ تولہ۔ اسگندناگوری۔ تولہ۔ سونٹھ۔ ۹ ماشہ۔ سورنجاں شیریں۔ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تولہ۔
ہلیلہ سیاہ۔ تولہ۔
ترکیب:۔ سب کو کوٹ کر مکو سبز کے پانی میں بیر جنگلی کے برابر حب بنا لیں
خوراک:۔ ۱ حب باسی پانی سے دیں ۲۱ یوم

فرمودہ حکیم ابو تراب امر تسری

۲۹۔ حب حقانی مانع قوت باہ جریان احتلام وغیرہ

اجزا۔ گوگل کھبیا ۵ تولہ۔ تخم لاجونتی۔ تولہ۔ تالمکھانہ۔ تولہ۔

تخم روشن ۔ تولہ، موصلی سفید ۔ تولہ، ثعلب مصری ۔ تولہ،
کشتہ فولاد ۳ تولہ، کشتہ سہ دھاتہ ۔ تولہ، ریشم مقرض ۵ تولہ،
شہد حسب منشاء۔

ترکیب :۔ سب کو کوٹ کر شہد میں حب بیر جنگلی کے برابر بنالیں۔
خوراک :۔ ایک ہمراہ دودھ صبح و شام غذا مرغن کھائیں۔
پرہیز :۔ گرم و ترش اور تیل والی چیزوں سے کریں۔ اس دوا کو ایک ہزار
چوٹ لگائیں

فرمودہ سیّد عبدالرحمٰن شاہ

۳۰۔ حب مقوّی باہ (سیماب والی)

سیماب (پارہ) ۱ تولہ دونی تیزاب گندھک میں صاف کر لو پھر گندھک
آملہ سار ۱ تولہ پھر دونوں کو خوب کھرل کرو جب یکجان ہو جائے
تو اس میں کشتہ سفید ۱ تولہ لونگ لاچی دانہ ۲ ماشہ کشتہ قلعی
۱ ماشہ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ کشتہ فولاد ۱ تولہ شنگرف رومی
ستاور ۱ تولہ عنبر اصلی ۱ ماشہ ورق طلاء ۱۰ عدد [illegible]
۲۰ عدد۔

ترکیب :۔ سب کو کوٹ کر زردی بیضہ مرغ ۲ عدد میں کھرل کر کے

حب نخودی بنائیں اور اوپر ورق چاندی چڑھائیں۔
خوراک:۔ ا حب ہمراہ دودھ غذا مرغن۔

فرمودہ حکیم سید محمد صالح چک نمبر ۱۰۲ ملتان

۳۱۔ حب جواہرات مقوی باہ

موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، شقاقل، سالب مصری، طباشیر، تقرہ، آلائچی سبز، ثعلب پنجہ، سیر ایک تولہ عنبر اشہب، ۱ ماشہ کستوری اصلی، ۱ ماشہ کشتہ طلاء ۲ ماشہ کشتہ مرجان، کشتہ ماشہ کشتہ ... [illegible] کشتہ عقیق ۲ ماشہ کشتہ [illegible] حباب ۲ ماشہ، کشتہ چاندی ۲ ماشہ کشتہ فولاد ۳ تولہ کشتہ زمرد ۲ ماشہ کشتہ یاقوت ۱ ماشہ، مروارید اصلی ۱ ماشہ، ورق چاندی حسب ضرورت۔ سب جواہرات کو دودھ کیوڑہ شیشی میں کھرل کریں سب کو ملا کر لعاب اسپغول ڈال کر نخود برابر حب بنائیں۔
خوراک:۔ ایک حب ہمراہ دودھ غذا مرغن۔ فائدہ تمام اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ سرعت انزال جریان احتلام وغیرہ کو بھی مفید ہے۔ ۲۱ یوم کھلائیں۔

۳۲۔ مقوّی اعصاب درد جگر و تشنج و مقوّی باہ کے لئے

کشتہ عقیق ۔ ۶ ماشہ ۔ کشتہ شاخ مرجان ۔ ۶ ماشہ ۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ ۔ کشتہ فولاد اصلی ۱ تولہ ۔ دارچینی ۱ تولہ ۔ سلاجیت اصلی ۱ تولہ ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ ۔

ترکیب :۔ سب کو باریک کر کے شہد میں حب نخود برابر بنالیں

خوراک :۔ ۱ حب ہمراہ دودھ ۱۴ یوم کھلاؤ ۔

۳۳۔ حب کچلہ مقوّی باہ و درد جگر کے لئے

کچلہ مدبر ۵ تولہ ۔ ایک ماہ گیلی ریت میں دبا دیں اور پانی تازہ ڈالتے رہیں ۔ بعدہٗ نکال کر پتہ و چھلکا دور کر کے تازہ کو کوٹ لیں ۔ پھر اس میں نگہان تولہ ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ ۔ طباشیر [illegible] ۱ تولہ ۔ مویز منقیٰ ۵ تولہ ۔

ترکیب :۔ سب کو منقیٰ میں ملا کر کوٹ لیں اور نخود کی حب بنالیں ۔ ۱۴ یوم کھلائیں ۔ ہمراہ دودھ غذا مرغن ۔

۳۴۔ دیگر قوت باہ کے لئے

عقیق ۱ تولہ ۔ ۱۰ تولہ [illegible] کے ساتھ کشتہ بنا کر ایک من پا [illegible]

۳۴۶۔ حب سفید تپ ملیریا کے لئے

ست گلو ۲ تولہ، طباشیر نقرہ ۲ تولہ، کافور ۲ ماشہ، مغز کرنجوہ ۳ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، کونین سفید ۶ ماشہ، الائچی سبز ۶ ماشہ۔

ترکیب:۔ سب کو باریک کرکے لعاب اسبغول میں حب نخود برابر بنائیں۔

خوراک:۔ ۱ حب ہمراہ شربت بنفشہ دن میں تین بار۔

دیگر ملیریا کے لئے

اسپرین ۲ تولہ، کونین سفید ۲ تولہ، ریوند چینی ۱ تولہ۔

ترکیب:۔ سب کو پانی سے نخود برابر حب بنائیں۔

خوراک:۔ ایک حب دن میں چار بار ہمراہ چائے وغیرہ۔

فرمودہ والدہ صاحبہ مرحومہ

۳۴۷۔ حب ضاد معدہ و پیٹ درد کے لئے

پوست ترنج، ہلیلہ کابلی ۵ تولہ، نمک سیاہ ۳ تولہ

مرچ سیاہ ۲۰ تولہ۔ کوٹ کر گندا کوار میں گھوٹ کر حب بیر
جنگلی کے برابر بنالیں

خوراک: ایک حب ہمراہ چائے وغیرہ اور ساتھ پانی
پی دیویں۔

منقیٰ ۵ دانہ۔ آلائچی کلاں ۵ عدد۔ ملٹھی ۳ ماشہ۔
پودینہ دیسی ۶ ماشہ۔ سونف تولہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔
پانی اسی میں جوش دے کر پلاؤ۔

فرمودہ والد صاحب مرحوم

۶۳۔ حب مدار آک، درد پیٹ و ہیضہ کے لئے اکسیر ہے

گل مدار ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ نمک [illegible] ۲ تولہ۔
لونگ ۶ ماشہ۔ نوشادر ۹ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ چونا
ان بجھا [illegible] ۳ ماشہ۔ [illegible] ۳ ماشہ۔
سہاگہ ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر آب ادرک میں ۲ گھنٹہ کھرل
کر کے حب نخود برابر بنالیں۔

خوراک: ایک حب ہمراہ چائے وغیرہ ہر ۱۵ منٹ کے

علاج کریں۔ گلٹ سے ریت میں ۸ یوم بھگو چھوڑیں۔ پھر نکال کر پتہ چھیل صاف کر کے دودھ اسیر میں پکا دیں۔ دھاگہ میں پرو کر دیگچی کے منہ پر لٹکا دیں کر جب دودھ کھویا ہو جائے تو اس کو زمین میں دبا دیں۔ [illegible] تازہ کو کوٹ لیں۔

۴۴۔ کبھی حیوانات یعنی گائے بھینس کو باؤلا کتا کاٹ کھائے تو یہ سرمہ ڈالو۔

مغز چھالکٹوڑا کی گری ہتھوڑے سے پانی میں گھس کر انگلی کے ساتھ دونوں آنکھوں میں ڈالیں اور اوپر کچی لسی کے چھینٹے مار دیں۔ انشاء اللہ کبھی بگاڑ نہیں ہو گا۔ گلے میں یہ تعویز ڈالو۔
الحفیظ یا سلام اللہ اکبر۔

۴۵۔ حب ادرار حیض کے لئے

مصبر ۶ ماشہ، [illegible] ۶ ماشہ، [illegible] ۶ ماشہ، زعفران اصلی ۳ ماشہ،
[illegible] ۱۲ ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر گھیکوار میں حب نخودی بنائیں۔

خوراک: ۱ حب ہمراہ دودھ گرم میں گھی ڈال کر ایک ماہ کھلاؤ۔

ترکیب: میٹھا تیلیا کو مدبر کرنا ہو تو پوٹلی میں باندھ کر دودھ ۱ پاؤ، پانی ۳ پاؤ دیگچہ کے منہ پر کانا رکھ کر دھاگہ سے پوٹلی لٹکائیں۔ جب کھویا ہو جائے تو پوٹلی اتار کر کوٹ لیں کھویا زمین میں دبا دیویں۔ کیونکہ یہ زہر ہوتا ہے۔

۴۶ - روغن مالش برائے فالج وغیرہ

مالکنگنی، کٹھ تلخ - بابونہ، مقوم، کچلہ - لونگ - جائفل، دارچینی سونٹھ ہر ایک تین تولہ - برگ ارنڈ، حرمل سبز، انجبار دیں -
برگ سنبھالو - ہر ایک ۱۰ تولہ پانی ۴ سیر میں جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے - تو تیل میٹھا ½ سیر ڈال کر آگ پر رکھیں پانی ختم ہونے پر تیل کی مالش کیا کریں۔

کشتہ طلا

فرمودہ والد مرحوم صاحب

پارہ شورہ ۵-۵ تولہ - عرق نکلوا کر آتشی شیشہ یا ابرک بد گلنے والے کھرل میں ڈال کر عرق ڈالو اور سینچتے جاؤ - ایک ماہ میں تیار ہوگا - آگ دینے کی ضرورت نہیں - نافع نامردی شیغنی